## ذرائع ابلاغ کے مسائل

چائلڈنیٹ SMART (سمارٹ) کے رولز (اصول) خاص طور پر نوجوان افراد کے لئے لکھے گئے ہیں تاکہ اُن کو یاد دہانی کرائی جا سکے کہ کس طرح آن لائن محتاط رہنا چاہئے۔

**S** — **SAFE (محفوظ)** کسی کو ذاتی معلومات نہ دینے کے متعلق محتاط رہ کر محفوظ رہیں مثلاً اپنا نام، ای میل، فون نمبر، گھر کا پتہ یا سکول کا نام-ایسے افراد کو جنکے متعلق آپ آن لائن اعتماد نہیں کرتے۔

**M** — **MEETING (ملاقات کرنا)** کسی ایسے فرد کے ساتھ ملاقات کرنا جس سے آپ کا آن لائن رابطہ ہوا ہے، خطرناک ہوسکتا ہے۔ ایسا صرف اپنے والدین یا دیکھ بھال کرنے والے کی اجازت سے کریں اور صرف اُسوقت ملاقات کریں جب وہ آپ کے ساتھ ہوں۔

**A** — **ACCEPTING (قبول کرنا)** ایسے افراد سے ای میل، آئی ایم پیغامات قبول کرنا یا ایسی فائلیں، تصویریں یا ٹیکسٹ کھولنا جن کو آپ نہیں جانتے یا جن پر آپ اعتماد نہیں کرتے، سے مسائل پیدا ہوسکتے ہیں۔ اُن میں وائرسیں یا بے حیائی یا فحش پیغامات ہوسکتے ہیں۔

**R** — **RELIABLE (قابل اعتماد)** ہوسکتا ہے کہ آن لائن کوئی فرد اپنے متعلق جھوٹ باتیں بتارہا ہو اور انٹرنیٹ سے حاصل کردہ معلومات قابل اعتماد بھی نہیں ہوسکتیں۔

**T** — **TELL (بتائیں)** اپنے والدین، دیکھ بھال کرنے والے فرد یا کسی قابل اعتماد بالغ فرد کو بتائیں اگر آپ کسی وجہ سے اپنے آپ کو بے آرام یا پریشان محسوس کرتے ہیں۔

## اُبھی سے آپ کیا کر سکتے ہیں

> اپنے بچوں کے انٹرنیٹ کے استعمال میں حصّہ لیں۔ مواقعوں اور خطرات کے متعلق بات چیت کرنے میں شامل ہونا اور بتانا کہ وہ خود کس طرح کسی مشکل سے نکل سکتے ہیں۔ اِس بات کی تسلی کریں کہ آپکے بچوں کو SMART (سمارٹ) کے اصولوں کا علم ہو۔

> ذاتی معلومات، آن لائن وقت صرف کرنے اور انٹرنیٹ کے ذریعے لوگوں سے رابطہ کرنے کے متعلق خاندان کے طور پر کچھ رولز (اصول) طے کریں۔

> آن لائن رجسٹر ہونے کے لئے فیملی کے طور پر ایک ای میل ایڈریس بنائیں۔

> اپنے خاندان کی پسندیدہ (favourites) ویب سائٹس کے لئے بک مارک تیار کریں۔ اور www.virtualglobaltaskforce.com کو اپنی favourites میں شامل کریں اگر آپکو کبھی آن لائن زیادتی کے متعلق پولیس کو رپورٹ کرنے کی ضرورت پڑے۔

اگر بچے آن لائن کسی چیز کے پیش آنے سے پریشان یا فکرمند ہوں تو اُن کی کسی ایسے فرد سے بات کرنے کی حوصلہ افزائی کریں جن پر وہ اعتماد کرتے ہوں۔

## مزید مشورہ اور وسائل



چائلڈنیٹ انٹرنیشنل ویب سائٹ انٹرنیٹ پر تحفظ کے متعلق مشورہ دیتی ہے اور نوجوان افراد، والدین اُستادوں اور دیگر تنظیموں کے ساتھ رابطے (links) پیدا کرتی ہے.

**www.childnet-int.org**




چائلڈنیٹ کی چیٹ ڈینجرز ویب سائٹ انٹرا ایکٹو سروسز مثلاً چیٹ، آئی ایم، آن لائن گیمز، ای میل اور موبائلز کے ممکنہ خطرات کے متعلق تفصیلات فراہم کرتی ہے۔ اِس میں سچی کہانیاں دی گئی ہیں اور آن لائن چیٹ کرنے کے متعلق کس طرح محفوظ رہا جا سکتا ہے کے متعلق بتایا گیا ہے۔

**www.chatdanger.org**




چائلڈنیٹ کی سارٹیڈ ویب سائٹ ایک ایسا ذریعہ ہے جو مکمل طور پر نوجوان افراد نے نوجوان افراد اور بالغ افراد کے لئے انٹرنیٹ پر محفوظ رہنے کے پہلوؤں کے متعلق تیار کی ہے۔ اِس میں اہم معلومات اور مشورہ دیا گیا ہے کہ کس طرح کمپیوٹروں کو وائرسوں، فشنگ سکیمز (phishing scams)، سپائی ویئر اور ٹروجنز سے محفوظ رکھا جا سکتا ہے۔

**www.childnet-int.org/sorted**




چائلڈ ایکسپلائیٹیشن اینڈ آن لائن پروٹیکشن (CEOP) سنٹر کی ویب سائٹ میں کئی قسموں کی معلومات ہیں کہ کس طرح آن لائن محفوظ رہا جا سکتا ہے۔ اِس میں ورچوئل گلوبل ٹاسک فورس کے ساتھ بے مثال رابطہ ہے جس کے ذریعے والدین اور نوجوان افراد آن لائن حقیقی زیادتی یا زیادتی کی کوشش کے متعلق رپورٹیں کر سکتے ہیں جن کے متعلق پولیس تحقیقات کرے گی۔

**www.ceop.gov.uk**




انٹرنیٹ واچ فاؤنڈیشن ویب سائٹ آن لائن غیر قانونی مواد کے متعلق رپورٹ کرنے کے لئے برطانیہ کی ہاٹ لائن ہے۔ یہ خاص طور پر دنیا بھر میں بچوں کے ساتھ زیادتی اور مجرمانہ مخرب الاخلاق تصاویر اور نسلی منافرت پھیلانے والی ویب سائٹ سے نمٹتی ہے جنکا تعلق برطانیہ سے ہے۔

**www.iwf.org.uk**


یہ رہنمائی چلڈرنز انٹرنیٹ چائلڈ نیٹ انٹرنیشنل کی جانب سے تحریر کی گئی ہے اور DfES کی جانب سے رقم فراہم کی گئی ہے۔

department for education and skills
creating opportunity, releasing potential, achieving excellence



Childnet International © 2006



رجسٹرڈ چیریٹی نمبر:1080173
www.childnet-int.org


2 ملین سے زیادہ لیفلٹ تقسیم کیے گئے

Childnet International

**www.childnet-int.org**

# انٹرنیٹ پر بچوں کے متعلق باخبر رہنا ---



## --- والدین، دیکھ بھال کرنے والوں اور اُستادوں کے لئے انٹرنیٹ پر بچوں کے تحفظ کے متعلق رہنمائی

# انٹرنیٹ - ہمیشہ تبدیلی کی جانب رواں دواں

بچوں کے ٹیکنالوجی کے استعمال کے متعلق تازہ ترین معلومات فراہم کرنا کئی بالغ افراد کے لئے چیلنج کن ہے۔ نوجوان افراد آن لائن کیا دیکھ رہے ہیں اور کیا تیار کر رہے ہیں، کن کے ساتھ گپ شپ لڑا رہے ہیں یا ٹیکسٹ بھیج رہے ہیں اور کیا ڈاؤن لوڈ کر رہے ہیں، کی نگرانی کرنا مشکل ہوسکتا ہے۔

کئی بچوں کے پاس آپ کے مقابلے میں زیادہ بہتر ٹیکنکل مہارتیں ہوسکتی ہیں؛ اُن کو پھر بھی انٹرنیٹ اور موبائل ٹیکنالوجیز کے استعمال کے لئے مشورے اور تحفظ کی ضرورت ہوسکتی ہے۔

چائلڈنیٹ گائیڈ آپ کی آن لائن کے متعلق سیکورٹی کے مسائل کو سمجھنے میں مدد کرے گی اور آپ کو بچوں کے ساتھ بات چیت کے متعلق عملی مشورے دے گی تا کہ وہ انٹرنیٹ سے زیادہ سے زیادہ استفادہ کرسکیں اور مثبت طور پر اور حفاظت کے ساتھ اُسے استعمال کرسکیں۔

## کونسے خطرات پائے جاتے ہیں؟

انٹرنیٹ اور موبائل فون استعمال کرنے کے دوران بچوں کے لئے خطرات میں مندرجہ ذیل نامناسب چیزیں شامل ہوسکتی ہیں:

**C CONTACT (رابطہ):** آن لائن کسی ایسے فرد کے ساتھ رابطے کا امکان جو آپ پر دھونس بازی یا زیادتی کرسکتا ہے۔

> اِس لئے بچوں کو ذہن میں رکھنا چاہئے کہ آن لائن باتیں کرنے والے لازمی نہیں کہ دوست ہوں جنکے متعلق خیال کرتے ہیں کہ وہ اُن کے دوست ہیں؛ اِس بات سے قطع نظر کہ کتنی دیر سے وہ اُن کے ساتھ بات چیت کر رہے ہیں اور کس حد تک وہ دوستانہ رویہ ظاہر کرتے ہیں۔ بچوں کو ذاتی معلومات اپنے تک ہی محدود رکھنی چاہئیں اور کسی ایسے فرد سے بغیر نگرانی ملاقات کرنے پر رضامند نہیں ہونا چاہئے جن سے صرف انٹرنیٹ کے ذریعے رابطہ قائم ہوا ہو۔ اپنے بچے کے ساتھ بات چیت کرنا بھی اہم ہے کہ وہ کس کے ساتھ اور کیسے ناموزوں بات چیت کے متعلق رپورٹ کر سکتے ہیں۔

**C CONTENT (مواد):** بچوں کے لئے آن لائن نامناسب مواد دستیاب ہے

> فلٹرنگ سافٹ ویئر استعمال کرنے کے متعلق غور کریں اور ابتدائی رولز (اصولوں) کے متعلق طے کریں کہ وہ اپنے بچوں کی جانب سے کونسی سروسز استعمال کرنے کے متعلق مطمئن ہیں۔ اُنہیں ایسے مواد سے نمٹنے کے متعلق حکمت عملیاں بتائیں جنکے متعلق وہ اچھا محسوس نہیں کرتے مثلاً کمپیوٹر سکرین کو بند کر دینا۔ کاپی رائٹ (جملہ حقوق محفوظ ہیں) والے مواد کو کاپی کرنے کے قانونی نتائج بھی نکل سکتے ہیں۔ نوجوان افراد کو غلط قسم کے مواد کے متعلق آگاہ رہنے کی ضرورت ہے اور مصنف کی اجازت کے بغیر کاپی رائٹ والے مواد کو ڈاؤن لوڈ کرنا غیر قانونی ہے۔

**C COMMERCIALISM (تاجرانہ ذہنیت):** نوجوان افراد کی پردہ داری پر جارحانہ تجارتی اور چیزوں کو فروخت کرنے کے طریقوں سے نقصان پہنچایا جا سکتا ہے۔

> اپنے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ اپنی ذاتی معلومات کو نجی رکھیں، بتائیں کہ کس طرح پاپ اپس کو ختم کیا جا سکتا ہے اور فضول ای میل کو روکا جا سکتا ہے اور آن لائن فارم پُر کرنے کے لئے فیملی ای میل ایڈریس استعمال کریں۔




## کیا میں صرف فلٹر کا ہی استعمال نہیں کر سکتا؟

فلٹر یا مانیٹر کرنے والے سافٹ ویئر کئی قسم کے نامناسب مواد کو روکنے میں مدد کر سکتے ہیں لیکن وہ 100 فیصد موثر نہیں ہو سکتے اور بالغ افراد کی شمولیت اور نگرانی کا نعم البدل نہیں ہو سکتے۔

مزید مشورے کے لئے دیکھیں:

www.getnetwise.org

## سوشل نیٹ ورکنگ اینڈ بلاگنگ

سوشل نیٹ ورکنگ سائٹس یا بلاگس ایسی آن لائن جگہیں ہیں جہاں نوجوان افراد اپنے خیالات کے اظہار اور دوسروں کے ساتھ اپنے خیالات اور آراء کے تبادلے کے لئے اپنے ذاتی ویب پیجز بنا سکتے ہیں۔ یہ سائٹس دوسری ویب سائٹ کے لنک کے ذریعے آن لائن دوسروں سے ملاقات یا میل ملاپ میں مدد دے سکتی ہیں اور اِس طرح اُن کے تمام تر سوشل نیٹ ورک کا ایک ماحول پیدا ہو جاتا ہے جس سے وہ آسانی سے معلومات کا تبادلہ کر سکتے ہیں اور گپ شپ کر سکتے ہیں۔

### کونسے خطرات ہیں؟

ذاتی معلومات اور رابطے کی تفصیلات کسی پروفائل میں ہوسکتی ہیں یا آن لائن بات چیت کے دوران ظاہر ہوسکتی ہیں۔ ایسی معلومات بچوں اور اُن کے میل ملاپ کے نیٹ ورک کو نامناسب افراد کی جانب سے نہ چاہتے ہوئے بھی ای میل مل سکتی ہیں۔ بچے اپنے اور دوسروں کے متعلق آن لائن خیالات یا تصاویر بھی بھیج سکتے ہیں جس سے اُن کا اپنا اور اُن کے دوستوں کا تحفظ خطرے میں پڑ سکتا ہے اور دوسروں پر دھونس بازی کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

### آپ کیا کر سکتے ہیں؟

بچوں سے خود سیکھیں یا اُنہیں سکھائیں کہ اِن پروگراموں کو کس طرح ذمہ دارانہ طریقے سے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ پردہ داری/رازداری کے متعلق دستیاب ترجیحات چیک کریں اور بچوں پر زور دیں کہ وہ صرف ذاتی طور پر جاننے والے افراد (آف لائن دوستوں) کو استعمال کرنے دیں،۔ نوجوان افراد کی حوصلہ افزائی کریں تا کہ وہ اپنی ذاتی معلومات کو کم لوگوں تک محدود رکھیں اور اپنے پروفائل میں اپنی ذاتی یا دوستوں کی تصویر شامل کرنے سے پہلے بہت احتیاط سے غور کریں۔ آن لائن تصاویر آسانی سے کاپی کی جاسکتی ہیں اور دوسری جگہ استعمال کی جاسکتی ہیں اور ہمیشہ کے لئے آن لائن رہ سکتی ہیں۔

مزید معلومات کے لئے دیکھیں: www.childnet-int.org/blogssafety

## مزید وسائل



چائلڈنیٹ والدین کے لئے ایک خاص سیمینار چلاتا ہے جو آپ کے سکول میں منعقد کیا جا سکتا ہے اور چائلڈنیٹ کڈ سمارٹ ویب سائٹ پر والدین کے لئے مزید مشورہ اور وسائل دستیاب ہیں۔
دیکھیں www.kidsmart.org.uk/parents

چائلڈنیٹ پرائمری اور سیکنڈری سکول کے طلبا کے لئے لیفلٹس بھی تیار کرتا ہے۔ یہ www.kidnet-int.org/order سے یا ٹیلی فون نمبر: 020 7639 6967 یا بذریعہ ای میل info@childnet-int.org پر آرڈر کئے جا سکتے ہیں۔

# ڈاؤن لوڈ کرنا، P2P اور فائل کا تبادلہ

### Peer -2-Peer (P2P) کا کیا مطلب ہے؟

فائل کے تبادلے کا نیٹ ورک P2P سافٹ ویئر ڈاؤن لوڈ کرنے سے لوگوں کو ایک دوسرے کے ساتھ کمپیوٹروں کے ذریعے تصاویر، ویڈیوز، موسیقی، سافٹ ویئر اور گیمز کے تبادلے کی سہولت مل جاتی ہے۔

### کیا ایسا کرنا قانونی ہے؟

ایسے افراد جو مصنف کی اجازت کے بغیر کاپی رائٹ مواد آن لائن ڈاؤن لوڈ یا اَپ لوڈ کرتے ہیں وہ قانون کی خلاف ورزی کرتے ہیں۔ آپ قانونی طور پر اُس ویب سائٹ پر جا کر ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں جہاں اِن کے آپس میں تبادلے کی اجازت دی گئی ہے۔

### پردہ داری اور سیکورٹی کے کونسے خطرات ہیں؟

اگر آپ ایسی سائٹس سے بغیر ضابطے و کنٹرول کے فائلوں کا تبادلہ کرتے ہیں تو آپ کے کمپیوٹر کو سپائی ویئر، وائرسوں اور دیگر حملہ آور ہونے والے پروگراموں سے خطرہ ہے۔ اپنے کمپیوٹر اور ذاتی فائلوں کو اچھی شہرت کی حامل سائٹس پر جا کر یا فائر وال یا اینٹی وائرس سافٹ ویئر انسٹال کر کے محفوظ کریں۔

### ناموزوں مواد اور رابطے کے متعلق کیا رائے ہے؟

فائل کے تبادلے کی نیٹ ورکس انٹرنیٹ کے بہت کم کنٹرول میں ہیں۔ اُن میں ننگی تصاویر اور نامناسب مواد ہوسکتا ہے، اکثر گمراہ کن ناموں کے ساتھ فائلوں کے نام رکھے جاتے ہیں۔ اِس خطرے کو کم کرنے کے لئے قانونی طور پر ڈاؤن لوڈ کرنے کی سائٹس کے متعلق بچوں کی رہنمائی کریں۔

مزید معلومات کے لئے دیکھیں: www.childnet-int-org/music

## موبائل فون پر انٹرنیٹ




آن لائن محفوظ ہونے کے متعلق مسائل کا اطلاق مساوی طور پر موبائل فونز پر بھی ہوتا ہے خاص طور پر زیادہ تر فونز پر انٹرنیٹ کی سہولت بھی ہے۔

رابطے، ایک دوسرے کے ساتھ بات چیت اور تفریح کے لئے موبائل فونز سے نوجوان افراد کے لئے مواقع ہونے کے ساتھ ساتھ بچوں کی ناموزوں مواد اور تصاویر تک رسائی اور آپس میں بانٹنے کا بھی خطرہ ہوسکتا ہے اور آپ کی نگرانی کے بغیر اُن کا اجنبیوں سے بات چیت کا بھی خطرہ ہے۔

بچے ٹیکسٹ کے ذریعے غلیظ پیغامات وصول کر سکتے ہیں، تجارتی لحاظ سے موبائل فونز خریدنے کے لئے دباؤ کا خطرہ ہے اور بڑے بڑے فون بل آ سکتے ہیں۔

یہ بہت اہم ہے کہ آپ اپنے بچوں کی اجنبیوں کو اپنے موبائل فون نمبر نہ دینے کی حوصلہ افزائی کریں، آن لائن یا حقیقی زندگی میں اور اپنے موبائل کو محفوظ اور ذمہ دارانہ طریقے سے استعمال میں مدد کریں۔

مزید معلومات کے لئے دیکھیں: www.chatdanger.com/mobiles